© rasailojaraid.com



ضرورت رہی ہے جو سادہ' عام فہم اور دلکش اسلوب میں لکھی گئی ہوں۔ کسی زمانے میں علامہ ابن جوزی نے "تلبیس ابلیس" کے عنوان سے ایک کتاب تحریر کی تھی جس کا اردو ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے لیکن اس کا انداز بیان عالمانہ ہے اس لیے ہر شخص اس سے شاید مستفید نہیں ہو سکتا۔ جناب محمد شریف کی زیر تبصرہ کتابیں اس اعتبار سے غنیمت ہیں کہ ان میں ابلیس کے گمراہ کن حربوں اور اس کی وسوسہ اندازیوں سے لوگوں کو بخوبی آگاہ کیا گیا ہے۔ قاضی صاحب کا اسلوب عام فہم ہے۔ انھوں نے مختلف عنوانات کے تحت فرامین الٰہی کا ترجمہ اور توضیح و تشریح درج کر دی ہے جس سے وہ لوگ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو قرآن مجید کو براہ راست سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور اس طرح اپنے فکر و عمل کی اصلاح کر سکتے ہیں۔ (ڈاکٹر رحیم بخش شاہین)

**نُورٌ علیٰ نُور**' سید نظر زیدی۔ ناشر: صبح صادق پبلی کیشنز' بی۔۳ وحدت روڈ' لاہور۔ صفحات: ۲۰۸۔ قیمت ۹۰ روپے۔

نظر زیدی صاحب کہنہ مشق شاعر ہیں اور شعر و ادب کو اخلاقی اور مثبت قدروں کی ترویج کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ان کا زیر نظر شعری مجموعہ حمد و نعت اور منقبت پر مشتمل ہے۔ ہمارے بعض شعرا حمد اور نعت میں حد فاصل قائم رکھنے میں محتاط نہیں رہتے۔ زیدی صاحب نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تمام تر عقیدت و محبت کے باوجود' ناروا مبالغے سے اجتناب کیا ہے اور پوری طرح حد ادب کو ملحوظ رکھا ہے۔ ایک حصے میں "احسن الکلام" کے تحت بعض احادیث نبویؐ کے مفہوم کو چھوٹی چھوٹی نظموں کی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ مختصر نظمیں مفید' موثر اور سبق آموز ہیں۔ (ر-ہ)

**معلم النحو' معلم الصرف' تبویب الصرف' تعلیل الصرف**' مولانا مفتی فضیل الرحمن ہلال عثمانی۔ ناشر: الرحیم اکیڈمی' اے ۱/۷ اعظم نگر' لیاقت آباد' کراچی ۱۹۔ صفحات: علی الترتیب ۸۸' ۶۴' ۸۰' ۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔

دینی مدارس میں عربی گرامر کے نصاب میں پرانی طرز کی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں اور وہ بھی بالعموم فارسی میں ہیں۔ "سلسلہ عربی نصاب جدید" کے تحت یہ چار کتابچے مبتدیوں کے لیے مفید ہیں۔ گرامر کو سوال و جواب کی صورت میں مرتب کیا گیا ہے۔ قابل فہم ہے اور کسی اکتاہٹ کے بغیر پڑھا جا سکتا ہے۔ عربی زبان کے طلبہ کے علاوہ' عام شائقین بھی اسے مفید پائیں گے۔ (عاصم نعمانی)

© rasailojaraid.com